# "دُوسری" عورت



22 امیزنگ فیکٹس اسٹڈی گائیڈ



یقیناًہر شادی کا انحصار اعتماد پر ہونا چاہئے، اور مسیح کے ساتھ ہمارے اتحاد میں، ہمیں اسی طرح مسیح اور اُس کے کلام کے ساتھ وفادار رہنا چاہیے۔ مکاشفہ کی کتاب مسیح کی حقیقی دلہن کے بارے میں بات کرتی ہے، لیکن ایک اور "عورت" ہے جو ایمانداروں کو خُدا کے کلام سے دُور رکھنے کے لیے بہکانے کی کوشش کر رہی ہے۔ مکاشفہ بابل کے بارے میں ایک چونکا دینے والے پیغام پر مشتمل ہے—ایک دوسری عورت۔ بابل گر پڑا ہے، اور لوگوں کو یقیناً اُس کے سحر سے بچنا چاہیے یا فنا ہونا ہو گا! اِس طرح تین فرشتوں کے پیغامات کا دُوسرا حصّہ شروع ہوتا ہے۔ یہاں آپ رُوحانی بابل کی شاندار حقیقی شناخت اور اُس کی جان لیوا خوبصورتی سے مدہوش و محصُور ہونے سے بچنے کا طریقہ سیکھیں گے۔ اِس سے زیادہ اہم کیا ہو سکتا ہے؟

## 1 یسُوع مسیح مکاشفہ کی کتاب میں باہل کو کس طرح بیان کرتا ہے؟

"میں تجھے اُس بڑی کسبی کی سزا دِکھاؤں جو بہُت سے پانیوں پر بیٹھی ہُوئی ہے"... وہاں میں نے قرمزی رنگ کے حیوان پر جو کُفر کے ناموں سے لِپا ہُوا تھا اور جِس کے سات سر اور دس سینگ تھے ایک عَورت کو بیٹھے ہُوئے دیکھا۔ یہ عَورت ارغوانی اور قرمزی لِباس پہنے ہُوئے اور سونے اور جواہر اور موتیوں سے آراستہ تھی اور ایک سونے کا پیالہ مکرُوہات یعنی اُس کی حرام کاری کی ناپاکیوں سے بھرا ہُوا اُس کے ہاتھ میں تھا۔ اور اُس کے ماتھے پر یہ نام لکھا ہُوا تھا۔ راز۔ بڑا شہر بابل۔ کسبیوں اور زمین کی مکرُوہات کی ماں" (مکاشفہ 17:1، 3-5)۔

**جواب:** (مکاشفہ 17:1-5) میں، یسُوع بابل کو ارغوانی اور قرمزی رنگ میں ملبوس فاحشہ کے طور پر بیان کرتا ہے۔ وہ ایک قرمزی رنگ کے حیوان پر بیٹھی ہے، جس کے سات سر اور دَس سینگ ہیں اور بہت سے پانیوں پر بیٹھتی ہے۔



## 2 مکاشفہ 12 باب کی علامتی پاکیزہ عورت کون ہے؟

**جواب:** (مکاشفہ 12:1-6) میں ایک پاکیزہ عورت، آفتاب کو اوڑھے ہُوئے دِکھائی گئی ہے۔ ہم نے مطالعاتی گائیڈ نمبر 20 میں سیکھا ہے کہ یہ پاکیزہ عورت خُدا کی حقیقی کلیسیاء کی علامت ہے، جو اپنے شوہر، یسُوع کے ساتھ وفادار ہے۔ ہم مطالعاتی گائیڈ نمبر 23 میں گہرائی سے مکاشفہ باب 12 کا مطالعہ کریں گے۔

Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright ©2011, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved



## 3 بائبل مقدّس کی پیشینگوئی میں ایک فاحشہ کس کی نمائندگی کرتی ہے ؟

"یروشلیم کو اُس کے نفرتی کاموں سے آگاہ کر.... لیکن تو نے اپنی خُوب صُورتی پر تکیہ کیا اور اپنی شُہرت کے وسیلہ سے بدکاری کرنے لگی" (حزقی ایل 16:2، 15)۔

**جواب:** جیسا کہ ایک پاکیزہ عورت حقیقی کلیسیا کی علامت ہے جو یسُوع کے ساتھ وفادار ہے، لہذا ایک کسبی ایک ناپاک عورت، یا گری ہوئی، ایک ایسی کلیسیاء کی نمائندگی کرتی ہے جو یسُوع کے ساتھ بے وفا ہے۔ (یعقوب 4:4)۔

## 4 کیا ہم اس فاحشہ (کلیسیاء) کی شناخت کر سکتے ہیں جسے مکاشفہ 17 باب میں "بابل عظیم، کسبیوں کی ماں" کہا جاتا ہے ؟

**جواب:** جی ہاں۔ جی ہاں۔ یہ بڑے پیمانے پر جانی جاتی ہے کہ صرف ایک کلیسیاء ہے جو مادر چرچ ہونے کا دعویٰ کرتا ہے ـــــ رومن کیتھولک کلیسیاء۔ ایک ممتاز کیتھولک پریسٹ، جان اے او برائن نے کہا، "یہ تعظیم [سنڈے کیپنگ] مدر چرچ کی یاددہانی کے طور پر باقی ہے جہاں سے غیر کیتھولک فرقے الگ ہو گئے تھے۔"[1] مکاشفہ 17 باب میں وہ جس حیوان پر سوار ہوتی ہے وہ پاپائیت پر پُورا اُترتا ہے۔

الف۔ اُس نے مقدّسوں کو ستایا (آیت 6)۔ (مطالعاتی گائیڈز نمبر 15 اور 20 دیکھیں۔)

ب۔ وہ ارغوانی اور قرمزی رنگ کے لباس میں ملبُوس تھی (آیت 4)۔ پوپ اکثر اہم تقاریب میں جامنی رنگ کا شاہی رنگ پہنتے ہیں، اور قرمزی رنگ کیتھولک کارڈینلز cardinals کے لباس کا رنگ ہوتا ہے۔

ج۔ حَیوان کے سات سر (آیت 3) جس پر عورت بیٹھی ہے وہ سات پہاڑ ہیں (آیت 9)۔ یہ بات مشہور ہے کہ روم، پاپائیت کا صدر مقام، سات پہاڑیوں یا پہاڑوں پر بنایا گیا ہے۔

د۔ حَیوان کفر بکنے (آیت 3) کا قصوروار ہے، ایک ایسا نقطہ جو واضح طور پر پاپائیت پر پُورا اُترتا ہے۔ (مطالعاتی گائیڈز نمبر 15 اور 20 دیکھیں۔)

ح۔ اُس نے "زمین کے بادشاہوں پر" حکومت کی (آیت 18)۔ الیگزینڈر فلک کا کہنا ہے کہ 13 ویں صدی تک، پوپ "کم از کم اندازہ کے مطابق... پوری دُنیا کے کل وقتی اور رُوحانی معاملات کے حکمران تھے۔"[2] یہ نقطہ کسی دُوسری دُنیاوی بادشاہی یا حکومت پر پورا نہیں اُتر سکتا ہے۔ پاپائیت کو مکاشفہ 17 میں بھی بلاشبہ واضح طور پر بیان کیا گیا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں: اصلاحات کے بہت سے رہنماؤں (ہس، وکلف، لوتھر، کیلون، زونگلی، میلانچن، کرینمر، ٹنڈیل، لیٹیمر، رڈلے، اور دیگر اصلاح کاروں) نے سکھایا کہ اُس میں پاپائیت شامل ہے۔[3]

1. John A. O'Brien, *The Faith of Millions* (Huntington, IN: Our Sunday Visitor, Inc., 1974), 401.
2. *The Rise of the Mediaeval Church* (New York: Burt Franklin, 1959), 575
3. George Eldon Ladd, *The Blessed Hope* (Grand Rapids, MI: William B. Eerdman's Publishing Co., 1956), 32–34.



## 5 "بابل" کے لفظی معنی کیا ہیں اور اِس کی اصل کیا ہے؟

"آؤ ہم ...ایک شہر اور ایک بُرج جِس کی چوٹی آسمان تک پُہنچے بنائیں۔...اور خُداوند نے کہا... سو آؤ ہم وہاں جا کر اُن کی زُبان میں اِختلاف ڈالیں تاکہ وہ ایک دُوسرے کی بات سمجھ نہ سکیں۔ لہٰذا اُس کا نام بابل [گڑبڑی] کہلایا۔" کیونکہ خُداوند نے وہاں ساری زمین کی زُبان میں اِختلاف ڈالا" (پیدائش 11:4،6،7،9)۔

**جواب:** الفاظ "بابل" اور "بے بی لون" کے معنی ہیں "اُلجھن"۔ "بابل کے نام کی ابتدا بابل کے بُرج سے ہوئی، جسے سیلاب کے بعد مُلحد کافروں نے تعمیر کیا تھا جو اُسے اِتنی بلندی تک تعمیر کرنے کی اُمید رکھتے تھے کہ سیلاب کا پانی کبھی بھی چھپا نہ سکے (آیت 4)۔ لیکن خُداوند نے اُن کی زُبان میں تفرقہ ڈالا، اور نتیجے میں اُلجھن اتنی زبردست تھی کہ وہ تعمیر کو روکنے پر مجبور ہو گئے۔ پھر اُنہوں نے بُرج کو "بابل" (Babel) یا "اُلجھن" کہا۔ بعد میں، عہد نامہ قدیم میں، بابل کے نام سے ایک عالمگیر سلطنت پیدا ہوئی۔ یہ خُدا کے لوگوں، اسرائیل کی دُشمن تھی۔ اُس نے بغاوت، نافرمانی، خُدا کے لوگوں پر ظلم، غرور اور بت پرستی کو مجسم کیا (یرمیاہ 39:6،7؛ 50:29،31-34؛ 51:24،34،47؛ دانی ایل 3 اور 5)۔ یسعیاہ باب 14 میں، خُدا بابل کو شیطان کی علامت کے طور پر استعمال کرتا ہے کیونکہ بابل خُدا کے کام اور اُس کے لوگوں کا دُشمن اُن کو تباہ کرنا چاہتا تھا۔ نئے عہد نامہ میں مکاشفہ کی کتاب میں، لفظ "بابل" ایک ایسی مذہبی بادشاہی کی نشاندہی کرنے کے لئے استعمال کیا گیا ہے جو خُدا کے رُوحانی اِسرائیل یعنی اُس کی حقیقی کلیسیاء کی دُشمن ہے (مکاشفہ 14:8؛ 16:19)۔



## 6 (مکاشفہ 17:5) میں بیان کردہ ماں بابل کی کسبی بیٹیاں کون ہیں؟

**جواب:** وہ کچھ ایسی کلیسیائیں ہیں جنھوں نے اصل میں ماں بابل کی جھوٹی تعلیمات پر احتجاج کیا اور عظیم پروٹسٹنٹ اصلاح کے دوران اُسے چھوڑ دیا۔ لیکن بعد میں اُنہوں نے ماں کے اصولوں اور اعمال کی نقالی کرنا شروع کر دی اور یوں خود گر پڑے۔ کوئی عورت فاحشہ پَیدا نہیں ہوتی۔ نہ ہی علامتی پروٹسٹنٹ بیٹیاں یعنی کلیسیائیں زوال پذیر تھیں۔ کوئی بھی کلیسیاء یا تنظیم جو بابل کے جھوٹے عقائد اور طریقوں کی تعلیم دیتی ہے اور اُس کی پیروی کرتی ہے وہ ایک برگشتہ کلیسیاء یا بیٹی بن سکتی ہے۔ لہذا بابل ایک خاندانی نام ہے جو مدر چرچ اور اس کی بیٹیوں کو بھی گلے لگاتا ہے جو برگشتہ ہو گئی ہیں۔

## 7 مکاشفہ 17 میں، بابل ماں کو حَیوان پر سوار کیوں دکھایا گیا ہے؟ حَیوان کس چیز کی نمائندگی کرتا ہے؟



**جواب:** (مکاشفہ 13:1-7) میں، یسُوع نے پاپائی عہد کو کلیسیا اور ریاست کے امتزاج کے طور پر پیش کیا ہے۔ (مزید معلومات کے لئے، مطالعاتی گائیڈ نمبر 20 دیکھیں۔) مکاشفہ کے باب 17 میں، یسُوع نے کلیسیا (کسبی) اور ریاست (حیوان) کو الگ الگ ہستیوں کے طور پر دِکھایا ہے، حالانکہ باہم اکھٹے ہیں۔ عورت حَیوان پر سوار ہے، جو اِس بات کی علامت ہے کہ چرچ ریاست کے کنڑول میں ہے۔

## 8 آخری وقت کے واقعات کی تکمیل میں دیگر کون سی طاقتیں پاپائیت کے ساتھ متحد ہوتی ہیں؟

"پھر میں نے اُس اژدہا کے مُنہ سے اور اُس حَیوان کے مُنہ سے اور اُس جُھوٹے نبی کے مُنہ سے تِین ناپاک رُوحیں مینڈکوں کی صُورت میں نکلتے دیکھیں، یہ شَیاطِین کی نِشان دِکھانے والی رُوحیں ہیں جو قادِرِ مُطلق خُدا کے روزِ عظیم کی لڑائی کے واسطے جمع کرنے کے لئے ساری دُنیا کے بادشاہوں کے پاس نِکل کر جاتی ہیں" (مکاشفہ 16:13، 14)۔

**جواب:** مکاشفہ 12:3، 4 کا وہ اژدہا اور مکاشفہ 13:11-14 اور 19:20؛ کا جھوٹا نبی مکاشفہ 13:1-8 کے حَیوان یا پاپائیت کے ساتھ اتحاد قائم کریں گے۔

الف۔ مکاشفہ 12 کا اژدہا شیطان کی نمائندگی کرتا ہے جو بُت پرست روم کے ذریعے کام کر رہا ہے۔ (مزید تفصیلات کے لئے مطالعاتی گائیڈ نمبر 20 دیکھیں)۔ اُن آخری دنوں میں ناپاک شراکت داری میں غیر مسیحی مذاہب جیسے اسلام، بدھ مت، شنٹوازم، ہندومت، نیا ایج، سیکولر ہیومنزم وغیرہ شامل ہیں۔

ب۔ جھوٹا نبی ریاستہائے متحدہ امریکہ میں مرتد پروٹسٹنٹ ازم کی نمائندگی کرتا ہے، جو دُنیا بھر میں حَیوان کی عبادت پر زور دینے میں پیش پیش ہو گا (مطالعاتی گائیڈ نمبر 21 دیکھیں)۔

ج۔ حَیوان پاپائیت ہے (مطالعاتی گائیڈ نمبر 20 دیکھیں)۔

د۔ یہ تین طاقتیں: غیر مسیحی مذاہب اور حکومتیں، مرتد پروٹسٹنٹ ازم، اور رومن کیتھولکزم ہر مجدّون میں اتحادی بن جائیں گے —— خُدا، اُس کی شریعت، اور اُس کے وفادار پیروکاروں کے خلاف آخری جنگ میں۔ اِس اتحاد کو یسُوع نے مکاشفہ 18:2 میں "عظیم بابل" کہا ہے۔



## 9 اَیسے متنوع پس منظر والی تنظیمیں مؤثر طریقے سے کیسے متحد ہوں گی؟

"اِن سب کی ایک ہی رائے ہو گی اور وہ اپنی قُدرت اور اِختیار اُس حَیوان کو دے دیں گے" (مکاشفہ 13:17)۔

**جواب:** (مکاشفہ 14،13:16) کہتا ہے "کہ مینڈکوں کی طرح ناپاک روح،" جو کہ "یہ شیاطِین رُوحیں ہیں" "وہ معجزات کے ذریعے اُن کو متحد کریں گی جو وہ دِکھائیں گی۔ رُوحانیت پسندی —— یہ عقیدہ کہ مردے زندہ ہیں اور زندہ لوگوں سے رابطہ کر سکتے ہیں —— یہ وہ عقیدہ ہو گا جو سب کو ایک ساتھ جوڑتا ہے۔ شیطان اور اُس کے فرشتے زندہ لوگوں کے متوفی پیاروں، قدیم پیغمبروں، آسمانی فرشتوں کا بھیس بدل کر اُن کو دھوکا دیں گے۔ (2۔ کرنتھیوں 14،13:11)، اور یہاں تک کہ خود مسیح کا بھی (متی 24:24) دُنیا کو قائل کریں گے کہ اُن کا مقصد آسمان سے رہنمائی حاصل کرنا ہے (مطالعاتی گائیڈ نمبر 10 دیکھیں)۔ اتفاقیہ طور پر، تینوں اداروں کا ماننا ہے کہ مرِدے زندہ ہیں:

الف۔ **کیتھولک ازم** مریم اور دیگر مردہ مقدّسین اور اِیمانداروں سے دُعا کرتا ہے اُس کا عقیدہ ہے کہ یہ مقدّسین اپنے پیروکاروں کو معجزوں سے نوازتے ہیں۔

ب۔ **غیر مسیحی مذاہب** بہت زیادہ مرِدے رُوحوں کی عبادت پر مبنی ہیں۔ نیو ایج موومنٹ نے مرِدہ رُوحوں سے باتیں کرنے کے "چینلنگ" پر زور دیا ہے۔

ج۔ **مرتد پروٹسٹنٹ ازم** کا خیال ہے کہ مردہ مردہ نہیں بلکہ جنت یا جہنم میں زندہ ہیں۔ اِس طرح وہ بدرُوحوں کے ذریعہ دھوکہ دہی کا شکار ہیں جو مردہ لوگوں کا روپ دھارتے ہیں۔

## 10 خُدا کن گناہوں کے لئے بابل کو مجرم قرار دیتا ہے؟

"عظیم بابل گر گیا" گر پڑا۔ بڑا شہر بابل گر پڑا" (مکاشفہ 2:18)۔ ...اور شیاطِین کا مَسکن اور ہر ناپاک رُوح کا اڈّا اور ہر ناپاک اور مکرُوہ پرِندہ کا اڈّا ہو گیا"۔... "اور تیری جادُوگری سے سب قَومیں گُمراہ ہو گئیں" (مکاشفہ 23،2:18)۔ "اور جِس کے ساتھ زمین کے بادشاہوں نے حرام کاری کی تھی اور زمین کے رہنے والے اُس کی حرام کاری کی مَے سے متوالے ہو گئے تھے" (مکاشفہ 4،2:17؛ 3:18)۔ "اور زمین کے بادشاہوں نے اُس کے ساتھ حرام کاری کی ہے" (مکاشفہ 3:18)۔



**جواب:** گرنے کا مطلب بائبل مقدّس کی سچائی اور حقیقی خُدا کی عبادت سے مُنہ موڑنا ہے (2۔ پطرس 18،17:3)۔ اِس طرح، خُدا بابل پر (1) شیطانوں کے ساتھ مل کر شیطانی ارواح کو اپنے درمیان میں اَرواح پرستی کے ذریعے دعوت دے

کراور (2) جھوٹی، رُوحوں کے ذریعے تقریباً پوری دُنیا کو دھوکہ دینے کے لیے مجرم ٹھہراتا ہے۔ بائبل مقدّس میں جھوٹ ایک قسم کی مکروہات ہے (امثال 22:12)۔ بابل کی مے، جو جھوٹی تعلیمات پر مشتمل ہے، جو لوگ اُسے پیتے ہیں اُن کو بدحواس اور بے حس کر دیتی ہے اور اُنہیں رُوحانی طور پر مدہوش کر دیتی ہے۔اِس کے برعکس، کلیسیا مسیح کی دلہن ہے (مکاشفہ 8،7:19) اور یسُوع سے محبّت کرتی ہے اور صرف اُسی کے ساتھ وفادار ہے۔ جس کا مطلب یسُوع نے کہا ہے اُس کے حکموں کو ماننا (یوحنا 15:14)۔ لہٰذا، پاپائیت اپنے شوہر، یسُوع (یعقوب 4:4) سے منہ موڑنے اور اُس کی حمایت کے لیے سول حکومتوں (چرچ اور ریاست کے اتحاد) کے ساتھ ناجائز تعلقات قائم کرنے کے لیے یہاں سرزنش کی جاتی ہے۔ اُس کے علاوہ، بابل "انسانوں کی رُوحوں" کی اسمگلنگ کرتا ہے (مکاشفہ 18:11-13)؛ اِس طرح، خُدا بابل کی مذمت کرتا ہے کہ وہ لوگوں کے ساتھ خُدا کے قیمتی فرزندوں کی بجائے تجارت کے طور پر سلوک کرتا ہے۔



## 11 بابل کی شراب میں موجود کچھ ایسی غلط تعلیمات ہیں جو لوگوں کو رُوحانی طور پر نشے میں ڈال کر بدحواس کر دیتی ہیں؟

**جواب:** حیرت کی بات یہ ہے کہ آج پروٹسٹنٹ ازم کے کچھ سب سے مشہور نظریاتی عقائد بائبل مقدّس سے بالکل بھی نہیں ملتے ہیں۔ اُنہیں روم مدر چرچ کی طرف سے پروٹسٹنٹ کلیسیاؤں میں متعارف کرایا ہے، جنہوں نے اُنہیں بت پرست مذہب سے قبول کیا۔اُن کی جھوٹی تعلیمات میں سے کچھ یہاں مندرج ہیں:

الف۔ خُدا کی شریعت میں ترمیم یا منسوخی کی گئی ہے۔ جبکہ خُدا کے قوانین تبدیل یا منسوخ نہیں ہو سکتے (لوقا 17:16)۔اِس حقیقت کے طاقتور شواہد کے لئے مطالعہ مطالعاتی گائیڈ نمبر 6 دیکھیں۔

ب۔ رُوح غیر فانی ہے۔ بائبل مقدّس میں "رُوح" اور "جان" کا ذکر تقریباً ایک ہزار بار کیا گیا ہے۔ایک بار بھی رُوح کو غیر فانی نہیں کیا گیا ہے۔لوگ فانی ہیں (ایوب 17:4)، اور یسُوع کی آمد ثانی تک کوئی بھی لافانیت حاصل نہیں کرتا۔(1۔کرنتھیوں 15:51-54)۔(مزید معلومات کے لئے مطالعاتی گائیڈ نمبر 10 دیکھیں)۔

ج۔ گنہگار جہنم میں ہمیشہ کے لئے جلتے ہیں۔ بائبل مقدّس تعلیم دیتی ہے کہ گنہگاروں کو آگ بھسم کر دے (وجود مٹ جائے گا) گی رُوح اور جسم دونوں، آگ میں ختم ہوں گے (متی 28:10)۔ بائبل مقدّس میں عذاب کی ابدی جہنم کی تعلیم نہیں دی گئی ہے۔(تفصیلات مطالعاتی گائیڈ نمبر 11 میں دیکھیں۔)

د۔ غوطہ کا بپتسمہ لینا ضروری نہیں ہے۔ غوطہ کے ذریعہ بپتسمہ کلام پاک کے ذریعہ تسلیم شدہ واحد بپتسمہ ہے۔(مزید معلومات کے لئے مطالعاتی گائیڈ نمبر 9 دیکھیں۔)

ح۔ اتوار خُدا کا مقدّس دن ہے۔ بائبل مقدّس بغیر کسی سوال کے یہ تعلیم دیتی ہے کہ خُدا کا مقدّس دن ساتواں دن سبت — ہفتہ ہے۔(مزید تفصیلات کے لئے، مطالعاتی گائیڈ نمبر 7 دیکھیں۔)

نوٹ :اِن جھوٹی تعلیمات کا، جو ایک بار یقین کر لیا جاتا ہے، تو "الجھن "لاتا (ہے جس کی اصطلاح "بابل" کے لفظی معنی ہیں) اور صحیفوں کی تفہیم کو کہیں زیادہ مشکل بنا دیتی ہیں۔

**ایک مدبرانہ سوچ**

ایک خیالیہ کہ مطابق یہ سوچنا بہت تکلیف دہ ہے کہ شاید کچھ لوگ نادانستہ طور پر بابل کی شراب پی رہے ہوں گے۔ شاید یہ سب آپ کے لیے نیا ہے۔ خُدا سے دُعا کریں کہ وہ آپ کی رہنمائی کرے (متی 7:7،8)۔ پھر نوشتوں کی تحقیق کریں (اعمال 11:17)، "اگر کوئی اُس کی مرضی پر چلنا چاہے تو وہ اِس تعلیم کی بابت جان جائے گا کہ خُدا کی طرف سے ہے یا میں اپنی طرف سے کہتا ہُوں" (یوحنا 17:7)۔

## 12 ہر مجدّون کی لڑائی میں خُداوند کی طرف کون ہو گا؟

**جواب:** اِس حتمی جنگ میں آسمان کے فرشتے (عبرانیوں 1:14,13؛ متی 13:42,41) اور خُدا کے لوگ یعنی بقیہ (مکاشفہ 17:12)۔ یسُوع کے ساتھ متحد ہو جائیں گے، جو آسمانی فوجوں کی قیادت کرتا ہے (مکاشفہ 19:11-16)۔ شیطان اور اُس کے اتحادیوں کے خلاف، خُدا کا بقیہ اُن لوگوں پر مشتمل ہے کو جو بابل کی جھوٹی تعلیمات سے انکار کرتے ہیں (مطالعاتی گائیڈ نمبر 23 دیکھیں) وہ (1) یسُوع سے اُن کی محبّت (1۔ یوحنا 5:2،3)، (2) اُن کا یسُوع پر اِیمان اور اُسے سے وفاداری کے لئے جانے جاتے ہیں (مکاشفہ 14:12)، اور (3) اُن کی خُدا کے کلام اور احکام کی اطاعت (مکاشفہ 17:12؛ یوحنا 8:31،32)۔ کے لیے جانے جاتے ہیں۔



## 13 خُدا کی سچائی اور شیطان کے جھوٹ کے مابین اِس آخری تصادم میں شیطان کی حکمت عملی کیا ہو گی؟

**جواب:** اگرچہ شیطان خُدا اور اُس کے بیٹے سے نفرت کرتا ہے، لیکن وہ اور اُس کی شیطانی رُوحیں خود کو مقدّس فرشتوں اور وفادار مسیحی خادموں کے طور پر ظاہر کریں گی (2۔ کرنتھیوں 11:13-15)۔ جو کچھ وہ اپنی طرف کے ثبوت کے طور پر پیش کرے گا وہ بہت راستباز، رُوحانی اور یسُوع جیسا معلوم ہو گا۔ کہ زمین پر تقریباً ہر شخص دھوکا کھا کر اُس کی پیروی کرے گا" (متی 24:24)۔ وہ بلاشبہ بائبل مقدّس کا استعمال کرے گا، جیسا کہ اُس نے بیابان میں یسُوع کو آزماتے وقت کیا تھا (متی 4:1-11)۔ شیطان کی یہ منطق دلکش ہے کہ اُس نے آسمان کے ایک تہائی فرشتوں، آدم اور حوا کو، اور، سیلاب کے وقت، آٹھ لوگوں کے علاوہ زمین پر موجود ہر شخص کو دھوکہ دیا۔

## 14 خُدا کی جوابی حکمت عملی کیا ہے؟

"شرِیعت اور شہادت پر نظر کرو۔ اگر وہ اِس کلام کے مطابِق نہ بولیں تو اُن کے لئے صُبح نہ ہو گی" (یسعیاہ 20:8)۔



**جواب:** خُدا ہمیشہ شیطان کے جھوٹ کا مقابلہ سچائی سے کرتا ہے۔ جب شیطان نے بیابان میں آزمایا، یسُوع نے بار بار کلام پاک کا حوالہ دیا (متی 4:1-11)۔ اپنے بقیہ لوگوں کے ذریعے، خُدا عظیم بابل کی غیر بائبلی فطرت کے بارے میں سچ بتائے گا۔ وہ یہ واضح کرے گا کہ بابل ایک جھوٹی انجیل پیش کر رہا ہے (گلتیوں 1:8-12)، جس نے اربوں کے لیے دھوکہ دہی اور کھو جانے کا دروازہ کھول دیا ہے۔ خُدا کی جوابی تحریک کو (مکاشفہ 14:6-14) کے عظیم تین فرشتوں کے پیغامات میں بیان کیا گیا ہے، جس کا ہم اس سلسلے کی 27 مطالعاتی گائیڈز میں سے نویں میں جائزہ لے رہے ہیں۔ یہ تین لاجواب پیغامات شیطان کے خلاف اُس کے جھوٹوں اور جعلسازیوں کو بے نقاب کرتے ہیں اور انتباہ کرتے ہیں اور لوگوں کو خُدا کی عبادت کرنے اور اس کی اطاعت کرنے کی دعوت دیتے ہیں، نہ صرف رُوح میں بلکہ بائبل مقدّس کی سچائی میں بھی۔

## 15 کیا خُدا کے آخری وقت کے انتباہ اور اُمید کے پیغامات کار آمد ہوں گے؟

"اِن باتوں کے بعد میں نے ایک اَور فرِشتہ کو آسمان پر سے اُترتے دیکھا جِسے بڑا اِختیار تھا اور زمین اُس کے جلال سے رَوشن ہو گئی" (مکاشفہ 18:1)۔



**جواب:** صحیفوں میں، فرشتے پیغام رساں یا پیغامات کی نمائندگی کرتے ہیں۔ (عبرانیوں 1:13، 14)۔ خُدا کی آخری وقت کی اپیل کی علامت ایک طاقتور فرشتہ ہے جس کی طاقت اتنی عظیم ہے کہ پوری دُنیا خُدا کی سچائی اور جلال سے روشن ہو گئی ہے۔ یہ آخری، خُدا کا دیا ہوا پیغام پوری دُنیا کے رہنے والوں تک جائے گا۔ (مکاشفہ 14:6؛ مرقس 16:15؛ متی 24:14)۔



## 16 یسُوع بابل میں رہنے والوں سے کیا حتمی، فوری اپیل کرے گا؟

**جواب:** وہ کہے گا، ''پھِر میں نے آسمان میں کسی اَور کو یہ کہتے سُنا کہ اَے میری اُمّت کے لوگو! اُس میں سے نِکل آؤتا کہ تم اُس کے گُناہوں میں شریک نہ ہو اور اُس کی آفتوں میں سے کوئی تم پر نہ آ جائے۔ کیونکہ اُس کے گناہ آسمان تک پُہنچ گئے ہیں اور اُس کی بد کارِیاں خُدا کو یاد آ گئی ہیں'' (مکاشفہ 18:4،5)۔ براہ کرم غور کریں کہ یسُوع بابل کے بہت سے لوگوں کی طرف اشارہ کرتا ہے ''میرے لوگ''۔ بابل میں لاکھوں مخلص مسیحی ہیں جنہوں نے ابھی تک یہ انتباہی پیغام نہیں سنا۔ یہ لوگ خُداوند سے بے انتہا محبّت کرتے ہیں، اور یسُوع کہتا ہے کہ وہ اُس کے بچے ہیں۔

## 17 وہ لوگ جو یسُوع سے محبّت کرتے ہیں لیکن اَب بابل میں ہیں جب یسُوع اُن سے بابل سے باہر آنے کی اپیل کرے گا تو وہ کیا جواب دیں گے ؟

**جواب:** یسُوع کہتا ہے، ''اور میری اَور بھی بھیڑیں ہیں جو اِس بھیڑ خانہ کی نہیں۔ مجھے اُن کو بھی لانا ضرُور ہے اور وہ میری آواز سُنیں گی۔ پھر ایک ہی گلّہ اور ایک ہی چَرواہا ہو گا، میری بھیڑیں میری آواز سُنتی ہیں اور میں اُنہیں جانتا ہُوں اور وہ میرے پِیچھے پِیچھے چلتی ہیں'' (یوحنا 10:16،27)۔ یسُوع اپنے بچوں کو پہچانتا ہے جو بابل میں ہیں۔ مزید وہ بابل کے تباہ ہونے سے پہلے اُنہیں باہر بُلانے کا وعدہ کرتا ہے۔ اور سب سے زیادہ شاندار وعدہ یسُوع کرتا ہے کہ اُس کے لوگ جو ابھی تک بابل میں ہیں اُس کی آواز کو سُنیں گے اور پہچان لیں گے اور سلامتی کے لئے باہر آئیں گے۔

نوٹ: یہ (مکاشفہ 14:6-14) کے تین فرشتوں کے پیغامات کی ہماری سیریز میں ساتویں اسٹڈی گائیڈ ہے۔ ہماری اگلی اسٹڈی گائیڈ خُدا کی آخری وقت کی کلیسیاء کو واضح طور پر بیان کرے گی کہ آپ اُسے پہچاننے میں ناکام نہیں ہو سکتے۔



## 18 اگر آپ بابل میں ہیں تو کیا آپ یسُوع کی اُس سے باہر آنے کی فوری اپیل پر دھیان دینے کے لیے تیار ہیں آپ کا جواب؟

**آپ کا جواب:** ☐

# آپ کے سوالات کے جوابات

## 1۔ کیا مجھے بابل میں نہیں رہنا چاہیئے اور باہر آنے کے بجائے اُس کی اصلاح کی کوشش نہیں کرنی چاہیئے؟

**جواب:** نہیں۔ یسُوع کہتا ہے بابل تباہ ہونے والا ہے، اصلاح نہیں ہوگی۔ وہ نااُمیدی سے اپنی شراب سے متوالا ہوگا (جس کی شناخت مکاشفہ 18:2-6 میں مُلحد عقیدہ کے طور پر کی گئی ہے)۔ اِسی لیے وہ اپنے لوگوں کو باہر آنے کا کہتا ہے (مکاشفہ 18:4)۔

## 2۔ (مکاشفہ 16:12) کے مشرق کے بادشاہ کون ہیں؟

**جواب:** مشرق کے بادشاہ سے مراد (باپ اور بیٹا) ہیں۔ اُنہیں مشرق کا بادشاہ کہا جاتا ہے کیونکہ یہی وہ سمت ہے جہاں سے آسمانی مخلوق زمین تک پہنچتی ہے۔ مثال کے طور پر، مندرجہ ذیل ملاحظہ کریں۔

الف۔ یسُوع کی آمدثانی مشرق سے ہوگی (متی 24:27)۔

ب۔ خُداکا جلال مشرِق کی طرف سے آیا (حزقی ایل 43:2)۔

ج۔ مکاشفہ کا فرشتہ زندہ خُدا کی مہر لے کر مشرق سے آتا ہے (مکاشفہ 7:2)۔

د۔ سُورج، یسُوع کی علامت، مشرق سے طلوع ہوتا ہے (ملاکی 4:2)۔

## 3۔ کیا بابل کے زوال کے بارے میں انتباہ کا مطلب یہ ہے کہ بابل ہمیشہ سے گرا ہوا نہیں ہے؟

**جواب:** جی ہاں۔ بابل پر مشتمل بہت سی کلیسیائیں ماضی میں بڑی مضبوط، کثیر اور یسُوع کی وفادار تھیں۔ اُن کے بانیوں میں خامی تھی لیکن خُدا کے عقیدت مند لوگ تھے جو بائبل مقدّس کی پوری سچائی کو دریافت کرنے کے لیے تندہی سے جستجو کر رہے تھے۔ آج تمام کلیسیائیں گری ہوئی نہیں ہیں۔ تاہم، کوئی بھی کلیسیاء جو مدر چرچ یعنی بابل کے جھوٹے عقائد سکھاتی ہے اور اُس کے طور طریقوں پر عمل کرتی ہے وہ اُس کی برگشتہ بیٹیوں میں سے ایک ہو سکتی ہے۔

## 4۔ جب بابل سے باہر بلایا جاتا ہے تو ایک مسیحی کو کہاں جانا چاہیئے؟

**جواب:** اُن لوگوں کو تلاش کریں جو خُدا کے احکام پر عمل کرتے ہیں، یسُوع کا اِیمان رکھتے ہیں، اور تین فرشتوں کے پیغامات کی دُنیا بھر میں تبلیغ کر رہے ہیں، اور اُن کے ساتھ شامل ہوں (مکاشفہ 14:6-12)۔ مطالعاتی گائیڈ نمبر 23 آخری دنوں کے لیے خُدا کی کلیسیا کو مکمل طور پر بیان کرے گی۔

## 5۔ (مکاشفہ 17:12-16) کے دس بادشاہ کس کی نمائندگی کرتے ہیں؟

**جواب:** 10 بادشاہ دُنیا کی قوموں کی علامت ہے۔ دانی ایل باب 2 کی مورت کی 10 انگلیوں اور دانی ایل باب 7 کے حولناک حیوان کے 10 سینگ یورپ کی 10 ریاستوں کی علامت ہیں۔ تاہم، مکاشفہ کے باب 11 تا 18 میں اس معنی کو وسیع کیا گیا ہے جس کا مطلب ہے ''زمین کے تمام بادشاہ'' یا ''تمام قومیں''۔ (دیکھیں مکاشفہ 16:14؛18:3)۔

## 6۔ ''مینڈکوں'' کی علامت کا کیا مطلب ہیں (مکاشفہ 16:13،14)؟

**جواب:** ایک مینڈک اپنے شکار کو اپنی زبان سے پکڑتا ہے، جو کہ زبانوں کی جعلی نعمت کی علامت ہو سکتی ہے جو اَب دُنیا میں پھیل رہی ہے۔ براہ کرم یادرکھیں کہ زبانوں کہ نعمت سمیت معجزات صرف ایک ہی چیز ثابت کرتے ہیں نظر نہ آنے والی طاقت۔ لیکن بائبل مقدّس ہمیں بتاتی ہے کہ مافوق الفطرت طاقت یا تو خُدا یا شیطان کی طرف سے ہو سکتی ہے۔ یہ مزید وضاحت کرتا ہے کہ شیطان خود کو، ایک فرشتہ کے طور پر ظاہر کرتا ہے (2۔ کرنتھیوں 11:14)۔ وہ مافوق الفطرت معجزات کو اس قدر مؤثر طریقے سے استعمال کرے گا کہ تقریباً پوری دُنیا دھوکہ کھاکر اُس کی پیروی کرے گی (مکاشفہ 13:3)۔ فی زمانہ، وہ بیگانہ زبانوں کی نقلی نعمت کو گرجا گھروں اور تمام قسم کے مذاہب کو جوڑنے کے لیے استعمال کر رہا ہے، بشمول بُت پرست۔ اُن میں سے ہر ایک محسوس کرتا ہے کہ غیر زبانوں کا تحفہ صداقت کا ثبوت ہے۔

### ہمیں رُوحوں کا امتیاز کرنا چاہیے

بائبل مقدّس نے خبردار کیا ہے کہ ہم رُوحوں کو آزمائیں (1۔ یوحنا 4:1)، اگر وہ بائبل مقدّس کے ساتھ متفق نہیں ہیں، تو وہ جعلی ہیں (یسعیاہ 8:19،20)۔ اِس کے علاوہ، رُوح القُدس کی سچی نعمتیں کبھی بھی اُس شخص کو نہیں بخشی جاتیں جو دیدہ و دانستہ اور جان بوجھ کر خُدا کی نافرمانی کرتا ہے (اعمال 5:32)، وہاں زُبانوں میں باتیں کرنا ایک سچی نعمت ہے۔ یہ ایک معجزانہ طور پر بیگانہ زبانوں کو روانی کے ساتھ بولنے کے قابل بنانا ہے جو بولنے والے نے نہ سیکھی ہوتی ہے نہ وہ اُسے جانتا ہے (اعمال 2:4-12)، خُدا اِس نعمت کو اُس وقت استعمال کرتا ہے جب ضرورت پڑنے پر اُس کا آخری وقت کا پیغام دوسری زبانوں کے لوگوں کو پیش کیا جائے۔ پنتیکُست کے دِن ضرورت تھی کیونکہ اُس گروہ میں 17 قسم کی زُبانیں بولنے والے لوگ تھے۔ اور اُس کے شاگرد اُن زُبانوں سے ناآشنا تھے۔

## 7۔ کیا نیو ایج کی تحریک اچھائی اور برائی کے درمیان آخری اختتامی تنازعہ میں اہم کردار ادا کرے گی؟

**جواب:** بلاشبہ! یہ جادو، نفسیاتی مظاہر، اور ارواح پرستی کے ساتھ مضبوطی سے ملوث ہے۔ رُوح پرستی زمین کے اختتامی ڈرامے میں ایک اہم عنصر ہو گی۔ زبانوں کی نقلی نعمت کی مافوق الفطرت طاقت کے ساتھ مل کر اور گرجا گھروں کے آخری وقت کے عالمی اتحاد کے ساتھ مل کر، اَرواح پرستی پوری دُنیا میں پھیل جائے گی۔ رُوحوں سے بات چیت کرنا اور اوتار نیو ایج کی تحریک نئے لبادے میں وہی قدیم بُت پرست تعلیمات ہیں۔ ایک غیر فانی رُوح میں اُس کا اعتقاد جو زمین کے لوگوں کے ساتھ بات چیت کر سکتی ہے وہی جھوٹ ہے جو شیطان نے حوا کو جنت میں کہا تھا: ''تم ہرگز نہ مرو گے'' (پیدائش 3:4)۔ (موت سے متعلق تفصیلات کے لئے مطالعاتی گائیڈ نمبر 10 دیکھیں۔)



## 8۔ یہ بات واضح ہے کہ خُدادانی ایل باب 7 اور مکاشفہ کے ابواب 13، 17، اور 18 میں مخالفِ مسیح اور پاپائیت کی سر گرمیوں کو ظاہر کرتا ہے۔ کیا کلام پاک میں مخالفِ مسیح کا کہیں اور ذکر کیا گیا ہے؟

**جواب:** جی ہاں، حَیوان، یا مخالفِ مسیح، طاقت (یا اُس کی سر گرمیاں) کا ذکر عہد نامہ قدیم اور عہد نامہ جدید کی کم از کم نو پیشینگوئیوں میں ہوتا ہے: دانی ایل 7 دانی ایل 8، 9 دانی ایل 11؛ مکاشفہ 12؛ مکاشفہ 13؛ مکاشفہ 16؛ مکاشفہ 17؛ مکاشفہ 18؛ اور مکاشفہ 19۔ یقیناً، جب خُدا ایک ہی طاقت پر نو مختلف اوقات میں زور دیتا ہے، وہ چاہتا ہے کہ ہم سنیں!

## 9۔ کیا شیطان کی بادشاہی "بابل" کہلاتی ہے جس کی اِبتدا بابل کے بُرج سے ہوئی؟

**جواب:** اِس کی اِبتدا اُس وقت ہوئی ہیں جب شیطان نے آسمان میں خُدا کے خلاف بغاوت کی۔ یسعیاہ نبی نے لوسیفر کو اُس کے زوال کے وقت بابل کے بادشاہ کے طور پر بیان کیا تھا (یسعیاہ 14:4، 12-15)۔ خُدا نے گناہ کے آغاز سے ہی شیطان کی بادشاہی کو بابل کے طور پر دیکھا ہے۔ شیطان کا واضح مقصد خُدا کی بادشاہی کو ختم کرنا اور اپنی بادشاہت قائم کرنا ہے۔ یسُوع نے کہا کہ صرف دو فریق ہیں (متی 7:13، 14)۔ زمین پر ہر زندہ رُوح آخر کار یسُوع یا بابل میں سے کسی ایک کی طرف کھڑی ہو گی۔ یہ زِندگی اور موت کی بات ہے۔ وہ جو یسُوع کی خدمت اور اطاعت کرتے ہیں وہ اُس کی آسمانی بادشاہی میں نجات پائیں گے۔ بابل کی حمایت کرنے والے تباہ ہو جائیں گے۔ اور فیصلہ کرنے میں بہت کم وقت باقی ہے۔ اِسی لیے بابل کے خلاف یسُوع کے آخری وقت کے انتباہ کی تعمیل کرنا انتہائی اہم ہے۔

## 10۔ (مکاشفہ 16:12) میں فرات کا پانی سُوکھ گیا تاکہ مشرِق سے آنے والے بادشاہوں کے لئے راہ تیّار ہو جائے کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** اِس سے پیشتر کہ بابل کی قدیم سلطنت مادی فارس کے جرنل دارا بادشاہ کے قبضے میں آئے، دریائے فرات کا پانی جو شہر کے پھاٹکوں کے نیچے سے گزرتا تھا، دارا بادشاہ کے آدمیوں کے ہاتھوں نہریں کھودا کر دریا کا رُخ موڑ دیا گیا تھا۔ پانی کا رُخ تبدیل ہونے سے دارا کی فوج کو رات کے وقت خالی ندیوں میں سے دیواروں کے نیچے سے داخل ہو کر شہر پر قبضہ کرنے کا موقع ملا۔ مکاشفہ کی پیشینگوئیوں میں، پانی لوگوں کی علامت ہے (مکاشفہ 17:15)۔ چنانچہ دریائے فرات کا پانی "عظیم بابل" کے پیروکاروں کی طرف اشارہ کرتا ہے جن کی حمایت اُس وقت خشک ہو جاتی ہے جب وہ اُس کو ختم کرنے کے ارادے سے بابل کے خلاف ہو جاتے ہیں (مکاشفہ 17:16)۔

یہاں اپنی رائے یا سوالات لکھیں۔

# یہ مطالعاتی گائیڈ نمبر 27 کی سیریز میں سے صرف ایک ہے !

ہر مطالعاتی گائیڈ حیرت انگیز حقائق سے بھرپور ہے
جو آپ اور آپ کے خاندان کو متاثر کریں گی۔
کسی ایک کو مت چھوڑیں !




مخالفِ مسیح
کون ہے؟



عرش سے فرشتوں
کے پیغامات



منصوبہ نجات کا
آسمانی ڈھانچہ



صحیح وقت پر!
نبوّتی فرمان کا ظہور



آخری عدالت




حیوان کی چھاپ



بائبل کی پیشینگوئی
میں امریکہ کا کردار



"دُوسری"
عورت



مسیح کی دُلہن




کیا خُدا نجومیوں اور
نفسیات کی حوصلہ
افزائی کرتا ہے؟



کیا ہم خدا پر یقین
رکھتے ہیں؟



ایک محبّت جو بدل
دیتی ہے



پیچھے نہیں مڑنا

کیا آپ نے ہماری پہلی 14 مطالعاتی گائیڈز دیکھی ہیں؟ اگر نہیں، تو ضرور لکھیں:
**Amazing Facts India, Post Box No 51, Banjara Hills, Hyderabad - 500034**

# 22 خلاصہ شیٹ

برائے مہربانی اس سمری شیٹ کو پُر کرنے سے پہلے اس سبق کو پڑھیں۔ تمام جوابات اسٹڈی گائیڈ میں مل سکتے ہیں۔
دُرست جواب کے ذریعے چیک Tick لگائیں۔ قوسین میں نمبر (1) صحیح جوابات کی تعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔
فارم کو پُر کرنے کے لیے برائے مہربانی "Adobe Reader" استعمال کریں۔

1۔ لفظ "بابل" کا مطلب کیا ہے (1)
- ☐ اُلجھن
- ☐ بغاوت
- ☐ دھوکہ دہی کرنے والا

2۔ بائبل مقدّس کی پیشینگوئی میں ماں بابل کس کی علامت ہیں؟ (1)
- ☐ اقوام متحدہ
- ☐ مریم، یسُوع کی ماں
- ☐ پاپائیت

3۔ کون ماں ابل کی بیٹیاں ہیں؟ (1)
- ☐ عہد نامہ کی نئ خواتین —— پرسکلہ، الزبتھ اور ڈورکس ہیں۔
- ☐ یورپ کی ملکہ ہیں۔
- ☐ کلیسیائیں جو مدرچرچ (بابل) کے غلط عقائد اور طریقوں پر عمل پیرا ہیں۔

4۔ قِرمزی رنگ کے حَیوان پر سوار عورت، ماں بابل کی علامت کیا ہے؟ (1)
- ☐ ریاست کے زیرِ کنٹرول کلیسیاء، جو اُس کی قریب سے حمایت کرتی ہے۔
- ☐ خواتین جانوروں کی اچھی تربیت کرتی ہیں۔
- ☐ خواتین کو سواری کرنی چاہئے اور چلنا نہیں چاہیے۔

5۔ بابل کے کونسے جھوٹے نظریات لوگوں کو رُوحانی طور پر اُلجھن میں ڈال دیں گے؟ (4)
- ☐ شادی کا تقدس۔
- ☐ موت ایک نیند ہے۔
- ☐ گنہگار جہنم میں ہمیشہ کے لئے جلتے رہیں گے۔
- ☐ اتوار بطور خُدا کا مقدّس دن۔
- ☐ رُوحیں، یا جانیں، غیر فانی ہیں۔
- ☐ غوطہ کا بپتسمہ۔
- ☐ خُدا کی شریعت منسُوخ یا اُس میں ترمیم کی گئ۔

6۔ "بابل گر گیا ہے" کا مطلب ہے کہ (1)
- ☐ ایک فرشتہ آسمان سے گرا۔
- ☐ بابل شدید زلزلے سے متاثر ہوا ہے۔
- ☐ مدرچرچ اور دیگر کلیسیائیں جو اُس کی جھوٹی تعلیمات کو قبول کرتی ہیں بائبل مقدّس کی سچائی اور سچے خُدا کی عبادت سے دُور ہو چکی ہیں۔

7۔ کالم ایک میں ہر علامت سے پہلے والے حروف تہجی کے حرف کو کالم دو میں اس کے لغوی معنی سے پہلے رکھیں (نیچے مثال دیکھیں)۔ (9)

| علامت | | لغوی معنی |
|---|---|---|
| A. ایک عورت | A. | یسُوع اور اُس کا باپ |
| B. پانی | A. | جھوٹی تعلیم جو لوگوں کو اُلجھا دیتی ہے |
| C. حَیوان | A. | شیطان بُت پرستی کے ذریعے کام کر رہا ہے |
| D. مشرق کے بادشاہ | A | گرجا |
| E. جھوٹا نبی | A. | پیغمبر یا پیغام |
| F. بابل کی شراب | A. | سیاسی طاقت یا بادشاہت |
| G. دس بادشاہ | A. | لوگ/آبادی |
| H. اژدہا | A. | مرتد پروٹسٹنٹ ازم کا مرکز امریکہ میں ہے۔ |
| I. فرشتہ | A. | اُلجھن |
| J. بابل | A. | دُنیا کی اقوام |

8۔ دریائے فرات کے پانیوں کا خشک ہونا کس چیز کی علامت ہے؟ (1)
- ☐ آخری دنوں میں پانی کی شدید قلت
- ☐ آخری وقت میں کھانے کی فراہمی نہیں ہو گی
- ☐ بابل اپنے پیروکاروں کی حمایت سے محروم ہو جائے گا

اگلے صفحے پر جاری ہے۔ ◀◀

9۔ بابل خاندانی نام ہے جس میں تقریباً تمام مذاہب اور گرجاگھر شامل ہیں۔ (1)
- ☐ جی ہاں۔
- ☐ نہیں۔

10۔ دراصل کون ہے جو لوگوں کو بابل سے باہر بُلاتا ہے؟ (1)
- ☐ فرشتہ
- ☐ لوسیفر
- ☐ 10 بادشاہ
- ☐ یسُوع

11۔ کیا بہتر نہیں ہوگا کہ گری ہوئی کلیسیاء سے باہر نکلنے کی بجائے اُس کو تبدیل کرنے کی کوشش کریں؟ (1)
- ☐ جی ہاں۔
- ☐ نہیں۔

12۔ بابل کی شراب سے متوالہ ہونے کا کیا مطلب ہے؟ (1)
- ☐ شرابی ہونا
- ☐ اُس کی پارٹی میں شریک ہونا
- ☐ جسمانی طور پر بیمار ہونا
- ☐ اُس کے جھوٹے عقائد کی بدولت الجھن میں پڑنا

13۔ آخری وقت میں یسُوع اور اُس کے لوگوں کے خلاف لڑنے کے لئے کون سی تین طاقتیں متحد ہوں گی؟ (3)
- ☐ غیر مسیحی مذاہب
- ☐ خلائی مخلوق
- ☐ اقوامِ متحدہ
- ☐ پاپائیت
- ☐ برگشتہ پروٹسٹنٹ ازم

14۔ جب یسُوع اپنے لوگوں کو بابل سے باہر بلائے گا، تو کیا وہ باہر آئیں گے؟ (1)
- ☐ جی ہاں۔
- ☐ نہیں۔

15۔ بہت سے لوگ بابل میں ہیں لیکن اُنہیں معلوم نہیں۔ (1)
- ☐ جی ہاں۔
- ☐ نہیں۔

16۔ اگر آپ بابل میں ہیں تو، کیا آپ بابل سے باہر نکلنے کے لیے یسُوع کی فوری اپیل پر دھیان دینے کو تیار ہیں؟
- ☐ جی ہاں۔
- ☐ نہیں۔

اُوپر دیے گئے تمام سوالات کے جوابات دینا یقینی بنائیں!

AMAZING FACTS

اندراج کے لیے اپنا نام، ای میل اور فون نمبر درج کریں۔
اپنی اگلی مفت مطالعاتی گائیڈ حاصل کرنے کے لیے "جمع کروائیں" پر کلک کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آپ کا نام: | | | | | |
| آپ کا ای میل: | | | | | |
| فون نمبر: | | | | | |
| آپ کا پتہ: | | | | | |
| شہر، ضلع: | | ریاست: | | ملک: | |
| پن: | | عمر گروپ: | | جنس: | |

جمع کروائیں

اپنے رابطے کی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔



www.AmazingFacts.org • www.AmazingFactsIndia.org • UrduBibleSchool@AFTV.in
© 2025 Amazing Facts International • All Rights Reserved • +91 9169164480